© rasailojaraid.com

# امام مالک رحمہ اللہ

تحریر: ابوحمزہ سعید مجتبیٰ السعیدی

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ عنقریب لوگ حصولِ علم کیلئے اونٹوں پر سفر کریں گے اور وہ مدینہ منورہ کے عالم سے بڑھ کر کسی کو زیادہ علم والا نہیں پائیں گے۔ [جامع الترمذی]

سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ سے دریافت کیا تھا کہ اس سے کون صاحب مراد ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا کہ مالک بن انس رحمہ اللہ جب کہ اسحاق بن موسیٰ رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ میں نے ابن عیینہ رحمہ اللہ سے سنا انہوں نے ایک دفعہ کہا کہ اس سے عبدالعزیز بن عبداللہ الزاهد رحمہ اللہ مراد ہیں اور یحییٰ بن موسیٰ رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ امام عبدالرزاق رحمہ اللہ نے فرمایا کہ یہ امام مالک بن انس رحمہ اللہ کی طرف اشارہ ہے۔ [جامع الترمذی]

امام حمیدی رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ نے مندرجہ بالا حدیث کی توضیح کرتے ہوئے فرمایا کہ میرے نزدیک اس حدیث میں اس عالم سے امام مالک بن انس رحمہ اللہ ہی مراد ہیں۔ اسی طرح ابراہیم بن منذر الحزامی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ کہا کرتے تھے کہ میرے خیال میں اس عالم سے امام مالک رحمہ اللہ مراد ہیں۔ ایک اور موقع پر انہوں نے فرمایا کہ میرے خیال میں اس حدیث میں جس عالمِ مدینہ کی طرف اشارہ ہے اس سے عبداللہ بن عبدالعزیز العمری رحمہ اللہ مراد ہو سکتے ہیں جو بڑے عابد و زاہد بزرگ تھے۔ زبیر بن بکّار رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ، امام مالک رحمہ اللہ کی زندگی میں جب یہ حدیث روایت کرتے تو فرماتے میرے خیال میں اس سے امام مالک رحمہ اللہ مراد ہیں۔ آپ یہ بات عرصہ دراز تک کہتے رہے۔ پھر ایک عرصے بعد یوں کہا کرتے تھے کہ میرے خیال میں اس سے عبداللہ بن عبدالعزیز العمری رحمہ اللہ مراد ہو سکتے ہیں۔ [الانتقاء للامام ابی عمر یوسف بن عبدالبرؒ]

امام سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام عبدالرزاق العسفانی، الیمانی رحمۃ اللہ علیہ کے ان بیانات سے امام دارالھجرۃ، مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ کی علمی رفعت اور عظمتِ شان کا اظہار ہوتا ہے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ تبع تابعین میں سے ہیں۔ آپ کی ولادت ۹۳ھ کو مدینہ منورہ میں ہوئی اور وفات ۱۷۹ھ کو مدینہ منورہ میں ہوئی اور بقیع میں تدفین ہوئی۔ رحمہ اللہ رحمۃً واسعۃً. آمین



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**مؤطا:** یہ امام مالک رحمہ اللہ کی تصنیف اور صحیح ترین احادیث کا علی الاطلاق اولین مجموعہ ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ سے مروی احادیث جو نافع عن ابن عمر کے طریق سے ہیں انہیں ''اَصح الاسانید'' کہا گیا ہے۔ اگرچہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم بھی حدیث کے صحیح ترین مجموعے ہیں تاہم مؤطا امام مالک کو اُن سے متقدم ہونے کا شرف حاصل ہے۔

عربی اور اردو زبان میں اہل علم نے مؤطا کی بہت سی شروح، تعلیقات، حواشی اور تراجم تحریر کیے ہیں۔ استاذ العلماء والفضلاء شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا ابوالشفیق محمد رفیق الاثری حفظہ اللہ کی ذات گرامی علمی حلقوں میں محتاج تعارف نہیں۔ آپ 1956ء سے جامعہ دارالحدیث المحمدیہ جلال پور پیر والا ضلع ملتان میں تسلسل سے تدریسی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور آج کل اسی ادارے میں ''شیخ الحدیث'' کی مسند پر فائز ہیں۔ تدریس کے اس طویل دورانیے میں آپ کو بارہا مؤطا امام مالک کی تدریس کی سعادت حاصل ہوئی۔ ایک مدرس جسے کسی کتاب کے بارہا پڑھانے کا موقعہ ملا ہو وہ اس کتاب کے قابلِ حل مقامات سے بخوبی واقف ہوتا ہے۔ چنانچہ آپ نے مؤطا کے مدرسین اور طلباء کی راہنمائی کیلئے عربی زبان میں اس اہم کتاب کے حواشی اور تعلیقات مرتب کیے۔ آپ کی تعلیقات کا نام ''ضوء السالک'' ہے۔

## ضوء السالک کی خصوصیات وامتیازات

1۔ مؤطا میں درج مقطوع احادیث اور بلاغاتِ مالک کی اسانید کا بیان۔

2۔ اہم اہم مقامات پر طلبہ علم کی راہ نمائی کے لیے فقہ الحدیث کا استنباط۔

3۔ فروعی احکام ومسائل میں مسلکِ محدثین کا تعین اور ترجیح۔

4۔ مشکل اور نامانوس الفاظ کی تبیین وتوضیح۔

5۔ کتاب میں امام مالک رحمہ اللہ کی اصطلاحات کی تشریح۔

6۔ مالکی اہل علم کی تصریحات کی روشنی میں امام مالک رحمہ اللہ کے اقوال وآراء اور فتاویٰ کی تشریح۔

7۔ احادیث وآثار کی ترمیم وتخریج۔

8۔ کتاب کے شروع میں امام ابن عبدالبر رحمہ اللہ کے قلم سے امام مالک رحمہ اللہ کے سوانح حیات۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

9۔راویان موطا کے تعارف کے حوالے سے امام جلال الدین السیوطی رحمہ اللہ کی اسعاف المبطا۔

10۔اور کتاب کی بہتر تفہیم کی غرض سے شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کی تسہیل درایۃ الموطا کو بھی اس کے ساتھ ہی شائع کیا گیا ہے۔

**اردو ترجمہ:** شیخ محترم نے موطا کے مدرسین اور طلبہ کی راہنمائی کے لیے ''ضوء السالک'' عربی زبان میں تحریر فرمانے کے ساتھ ساتھ اردو خوان حضرات کے لیے موطا کا ترجمہ بھی کیا ہے۔آپ کے ترجمے کی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔کتاب کی تمام احادیث اور امام مالک رحمہ اللہ کے اقوال وفتاویٰ کی ترقیم کی گئی ہے۔2۔تمام احادیث اور اقوالِ امام کا سلیس اردو ترجمہ کیا گیا ہے۔3۔تمام احادیث اور اقوال و آراء امام کی تخریج کی گئی ہے۔

4۔شرح میں فائدہ کے عنوان سے ہر مسئلہ کی ضروری وضاحت کی گئی ہے۔

☆ شیخ محترم کی تالیفات ☆ التعلیق النجیح علی مشکوۃ المصابیح ☆ ضوء السالک علی موطا الامام مالک اور موطا مالک مترجم اُردو۔

## جامع مسجد مدنی اہل حدیث کھوہار میں جلسہ عظمتِ قرآن

مورخہ 9 دسمبر بروز ہفتہ بعد نماز عشاء جامع مسجد مدنی اہل حدیث کھوہار میں عظمتِ قرآن کے موضوع پر جلسہ منعقد ہوا۔جلسہ کا آغاز حافظ محمد سبحان کی تلاوت سے ہوا، جلسہ سے مولانا محمد حسین مدنی، حافظ عبیداللہ، مولانا قطب شاہ اور قاری محمد بنیامین عابد خطیب اوکاڑہ نے خطاب کیا۔جلسہ کے انتظامات میاں محمد الیاس، انجینئر حبیب الرحمٰن، حافظ عتیق الرحمٰن نے کیے۔جلسہ کے آخر میں شرکاء کی ضیافت کی گئی۔


**ادارہ تبلیغ اسلام جام پور کی طرف سے دینی کتابیں مفت منگوائیں**

① دعائیں التجائیں ② شکر کے فائدے ③ جنت میں لے جانے والے اعمال

④ غیبت کے نقصان ⑤ عذابِ قبر۔

صرف 30 روپے کا ڈاک خرچ بھیج کر مفت منگوائیں۔

مولانا محمد اسماعیل ساجد **نائب مدیر ادارہ تبلیغ اسلام جام پور**

**موبائل نمبر** 0300-7188025 0333-8556472




© rasailojaraid.com